12/01/2025

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ منیر احمد شاہ سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی کے کل یعنی 13 جنوری کے کشمیر دورے کے پیش نظر پولیس اور دیگر سلامتی ایجنسیوں نے سیکورٹی کے معقول انتظامات کئے ہیں ۔ حکام نے خاص طور پر وسطی کشمیر کے سرینگر اور گاندربل اضلاع میں سیکورٹی کے کڑے انتظامات کئے ہیں ۔

واضح رہے کہ وزیر اعظم، انتہائی اہم سونہ مرگ ٹنل کا افتتاح کرنے والے ہیں ، جو زیر تعمیر زوجیلا ٹنل کے ذریعے سے سرینگر کو لداخ سے جوڑے گی ۔ توقع ہے کہ شاہراوں اور ٹرانسپورٹ کے مرکزی وزیر نتن گڈکری بھی افتتاحی تقریب میں موجود رہیں گے ۔

قریب دو ہزار 7 سو کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر شدہ سونہ مرگ ٹنل کی بدولت گگن گیر سے سونہ مرگ کے درمیان سفر کا وقت بیس سے 25 منٹ تک محدود ہو جائے گا جبکہ سونہ مرگ میں مقامی اور بین الاقوامی سیاحت میں بھی چار چاند لگیں گے ۔ اس دوران گاندربل ضلع میں وزیر اعظم کے دورے کے پیش نظر آج اتوار کے با وجود سبھی سرکاری دفاتر کھلے رہیں گے ۔

اسمبلی

جموں کشمیر اسمبلی کے نو منتخب شدہ ارکان کے لئے منعقد کردہ تین روزہ تربیتی پروگرام اختتام پذیر ہو گیا ہے ۔ اسمبلی کمپلیکس جموں میں منعقد کردہ اس پروگرام کی اختتامی تقریب پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے کہا کہ ارکانِ اسمبلی کو ایوان کے تمام قوائد و ضوابط سے متعلق مکمل آگاہی کے ساتھ ایوان کی کاروائی میں سرگرمی سے حصہ لینا چاہئے ۔

سپیکر نے صلاحیت سازی کے پروگرام میں حصہ لینے اور ماہرین کی تقاریر کو سننے کے لئے سبھی ارکان کا شکریہ ادا کیا ۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ پروگرام ارکان کو ایوان کی کاروائی کے اصول سمجھنے میں مددگار ثابت ہو گا ۔

ملاقات LG

جموں کشمیر رزرو زمرے سے متعلق ایمپاورمنٹ الائنس کے کارگزار صدر پروفیسر جی ایل تھاپا کی قیادت میں ایک وفد نے راج بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔

اسی طرح سے کٹھوعہ سے سماجی کارکن اَرپَن ساحل وَرما کی قیادت میں ڈوگری اور کشمیری زبان یونین // اور بھارتیہ جین سنگٹھن جموں کشمیر نے بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی ۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے جموں کشمیر میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کی غرض سے کلیدی نوعیت کے حامل چند اہم پروجیکٹوں کے لئے فاریسٹ کلیرنس دے دی ہے ۔

ان پروجیکٹوں میں بھٹن ، کیوہ ، امروتھی ، ڈار سو گُڈر اور کچھ دیگر علاقوں کے لئے واٹر سپلائی اسکیمیں شامل ہیں جو کہ شہری اور دیہی علاقوں میں اس سیکٹر کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کا اقدام ہے ۔

کشن پور ترسیلی لائن کو دوسری جگہ KV پروجیکٹ اور 400 Gمیں Babeti 4 اسی طرح سے سے لینے کے لئے بھی منظوری دے دی گئی ہے ۔

ستیش شرما

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی مرکزی وزارت نے جموں و کشمیر کے لئے آبی سیاحت سے متعلق کئی ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔

اس دوران ٹرانسپورٹ اور سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیرستیش شرما نے نئی دلی میں بندرگاہوں ، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال سے ملاقات کر کے جموں و کشمیر کو خصوصی پروجیکٹوں سے نوازنے پر ان کا شکریہ ادا کیا ۔

دریں اثناءستیش شرما نے قاضی رنگا، آسام میں اِن لینڈ واٹر ویز ڈیولپمنٹ کونسل کی دوسری میٹنگ میں بھی شرکت کی۔

بارہمولہ

بارہمولہ پولیس نے اس ماہ کے اوائل میں پٹن میں ہوئے گرینیڈ حملے میں ملوث ایک ماڈیول کا آپریشنز فیروز یحییٰ نے SP پردہ فاش کیا ہے ۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے بارہمولہ کے بتایا کہ سات جنوری کو ہامرے پٹن میں ٹیریٹوریل آرمی کیمپ پر چلائے گئے اس گرینیڈ حملے کے واقعے میں تین مشتبہ ملی ٹنٹوں کو گرفتا ر کر لیا گیا ہے ۔

موصوف کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ تحقیقات کے دوران SP ہمارے بارہمولہ کے نمائندے نے پولیس نے کچھ ہتھیار اور نقد رقم بھی ضبط کر لی ہے ۔

آلات

وادی میں سرد موسمی صورتحال کے چلتے لوگ کثرت سے گرمی کے روایتی اور جدید آلات کا استعمال کر رہے ہیں تاہم ان کے غیر مناسب استعمال سے لوگوں کو بعض اوقات جانی اور مالی نقصانات سے دو چار ہونا پڑتا ہے ۔

اس ضمن میں شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز میں انٹر نل اینڈ پلمونری میڈسن کے ایڈیشنل پروفیسر ڈاکٹر سید مدثر قادری نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

....(Dr. Syed Mudasir)....Byte............

درخشان اندرابی

گلوبل بُک آف ایکسی لینس ریکارڈس نے جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی کو ایک توصیفی سند سے نوازا ہے ۔ اس طرح کے سند سے نوازے جانے کا مطلب گزشتہ ا ڈھائی برس کے دوران جموں کشمیر وقف بورڈ میں انہوں نے نمایاں کام سر انجام دئے ہیں ۔

سرٹفکیٹ کے مطابق ڈاکٹر درخشاں کی قیادت میں جموں کشمیر وقف بورڈ میں شفافیت ، جوابدہی اور عوامی رابطے کے محاذوں پر کئی سارے اصلاحات کئے گئے ہیں ۔

پولیس

منشیات فروشونکے خلاف کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے کپوارہ اور سوپور سے// محمد اشرف شیخ ساکن شورگری محلہ تارزو // محمد اشرف خان ساکن آرم پورہ ہلمت پورہ // اور ارشاد احمد ڈار ساکن ہملت پورہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات برآمد کر لی ہے ۔

اسی دوران کولگام پولیس نے آن لائن مالی دھوکہ دہی کی کچھ شکایات کو حل کرتے ہوئے 13 لاکھ 70 ہزار کے قریب رقم بر آمد کر لی ہے ۔

دریں اثناءاونتی پورہ پولیس نے معدنیات کی غیر قانونی کان کنی میں ملوث تین گاڑیوں کو ضبط کر لیا ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****